## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی شیخ لیاقت حسین مرحوم کے صاحبزادے عامرلیاقت حسین سے فون پرتعزیت
## شیخ لیاقت حسین سے میری ذاتی قربت اوررفاقت تھی ،انکے انتقال سے مجھے دلی صدمہ پہنچا ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔24 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزاور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدرشیخ لیاقت حسین کے انتقال پران کے چھوٹے صاحبزادے عامرلیاقت حسین سے فون پرتعزیت کی ۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ شیخ لیاقت حسین سے میری ذاتی قربت اوررفاقت تھی اورانکے انتقال سے مجھے دلی صدمہ پہنچاہے۔انہوں نے مزید کہا کہ شیخ لیاقت حسین نےتحریک کیلئے بہت خدمات انجام دی ہیں اوران کے انتقال سےتحریک ایک اچھےاور بزرگ رہنما سے محروم ہوگئی ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیخ لیاقت حسین مرحوم کی مغفرت فرمائے،مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دےاوران کے پسماندگان کوصبرجمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےڈپٹی کنوینز،خدمت خلق فاؤنڈیشن کےصدراورتحریک پاکستان کے کارکن
## شیخ لیاقت حسین مرحوم کےایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی
## فاتحہ خوانی کےاجتماع میں ایم کیوایم کےقائدالطاف حسین،اراکین رابطہ کمیٹی،حق پرست ارکان اسمبلی،ٹاؤن ناظمین، مختلف تنظیمی شعبہ جات کےارکان اورشعبہ خواتین کی ارکان کی شرکت
## شیخ لیاقت حسین نےتحریک کیلئے جوخدمات انجام دی ہیں اوردکھی انسانیت کی جوخدمت کی ہےوہ ناقابل فراموش ہےالطاف حسین

لندن۔۔۔24 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کےڈپٹی کنوینز،خدمت خلق فاؤنڈیشن کےصدراورتحریک پاکستان کے کارکن شیخ لیاقت حسین مرحوم کےایصال ثواب کیلئے آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی کی گئی۔فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین،اراکین رابطہ کمیٹی،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کےارکان، پاکستان سے آئے ہوئےحق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،ٹاؤن ناظمین،مختلف تنظیمی شعبہ جات کےارکان اور یوکے یونٹ کے ذمہ داران اورایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان نے شرکت کی۔ ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین نے بزرگ رہنما شیخ لیاقت حسین مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی ۔اس موقع پرگفتگوکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے شیخ لیاقت حسین مرحوم کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شیخ لیاقت حسین نے اپنی ضعیف العمری کے باوجودتحریک کیلئے جوخدمات انجام دی ہیں اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کےصدرکی حیثیت سے دکھی انسانیت کی جوخدمت کی ہے وہ ناقابل فراموش ہے۔جناب الطاف حسین نے مزید کہا کہ شیخ لیاقت حسین مرحوم کےانتقال سےتحریک ایک مخلص اور بزرگ رہنما سے محروم ہوگئی ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیخ لیاقت حسین مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دےاوران کے درجات بلندکرے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےڈپٹی کنوینزشیخ لیاقت حسین کوعبداللہ شاہ غازی کےمزارکےاحاطہ میں سپردخاک کردیاگیا

کراچی۔۔۔24،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزوسابق رکن قومی اسمبلی اورتحریک پاکستان کے بزرگ کارکن شیخ لیاقت حسین کوجمعرات کی صبح حضرت عبداللہ شاہ غازی کےاحاطہ واقع کلفٹن میں سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں سپردخاک کردیاگیا۔اس سےقبل مرحوم کی نماز جنازہ عبداللہ شاہ کی مزاراحاطہ میں ہی ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار،ارکان رابطہ کمیٹی شعیب بخاری،شاکرعلی،سلیم تاجک،سیف یارخان،توصیف خانزادہ اوررضاہارون کےعلاوہ،حق پرست سینیٹرز،صوبائی وزراءومشیران ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلرزاورایم کیوایم کےمختلف شعبہ جات کے ذمہ داران واراکین،مقامی سیکٹرویونٹس کمیٹی کےاراکین وکارکنان مرحوم کےعزیزواقارب،علماءاورصحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔نماز جنازہ معروف عالم دین مولاناکوکب نورانی نے پڑھائی جبکہ مفتی منیب الرحمان نے دعا کرائی۔مرحوم کا سوئم بروز جمعہ بعدنمازعصرتامغرب مرحوم کی رہائشگاہ واقع خدادادکالونی میں ہوگا۔

## کراچی میں موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پابندی مکمل ختم کی جائے اوراضافی معاشی بوجھ کا سلسلہ بند کیا جائے،اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔24ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے حکومت سندھ کی جانب سے کراچی میں موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر عائد پابندی کے خاتمے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے کراچی کے غریب عوام کیلئے خوش آئند قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں گزشتہ سال سے موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر عائد پابندی کے باعث غریب شہریوں کو روزمرہ کے کاموں خصوصاً آفس جانے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا تھا اور وہ بسوں، ویگنوں اور رکشہ ٹیکسی میں بھاری کرائے کے عوض سفر کرنے پر مجبور تھے جہاں انہیں وقت کا ضیاع اور اضافی معاشی بوجھ کا بھی سامنا تھا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ شروع دن سے شہریوں کو درپیش پریشانیوں اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے کام کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم ہمیشہ عوامی مطالبات کو ہر فورم پر اٹھاتی رہی ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم نے کراچی کے غریب عوام کی پریشانیوں اور مشکلات کو محسوس کیا اور ڈبل سواری پر پابندی کے خاتمے کا مطالبہ کررہی تھی۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ عوامی خواہشات کے عین مطابق موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر پابندی مکمل طور پر ختم کی جائے اور ڈبل سواری کے خلاف ورزی کے مرتکب شہریوں کیخلاف مقدمات فوری واپس لئے جائیں۔

## عوام وکارکنان اداکار لہری کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔24ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف اداکار لہری کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام وکارکنان خصوصاً ماؤں، بہنوں اور بزرگوں سے اپیل کی ہے کہ اداکار لہری کی جلد ومکمل صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعائیں کریں۔

## سینئر صحافی اور لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی سینئر صحافی منصور ساحر کی والدہ محمدی بیگم اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے جوائنٹ انچارج سہیل احمد کی والدہ فردوس فاطمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے (آمین)

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ابراہیم حیدری سیکٹر علی اکبر شاہ گوٹھ کے دو کارکنان ایوب اور نور محمد تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج

کراچی۔۔۔24ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی ابراہیم حیدری سیکٹر علی اکبر شاہ گوٹھ یونٹ کے کارکنان ایوب ولد ممتاز اور نور محمد ولد غنی میاں کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے فوری طور پر خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے تنظیم سے خارج کارکنان ایوب ولد ممتاز اور نور محمد ولد غنی میاں سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆